© rasailojaraid.com



**مسلمان تاریخ نویس**
مؤلف: پروفیسر سعید اختر
ناشر: قومی کتب خانہ لاہور
قیمت مجلد ۸/- روپے

پروفیسر محمد سعید اختر بہت سی مفید کتابوں کے مؤلف ہیں۔ بالعموم انہوں نے اعلیٰ درجوں کے طلبہ کی ضروریات کو سامنے رکھ کر خاص خاص موضوعات پر کام کیا ہے۔ لیکن کتابیں ایسی ہیں جو عام دلچسپی کا دامن بھی کھینچتی ہیں۔

پیش نظر کتاب میں سلف کے ۴۳ مشہور مسلم مورخین کے مختصر حالات درج کیے گئے ہیں۔ ظاہر بات ہے کہ تاریخ سے مسلمانوں کو خصوصی دلچسپی تھی، نیز روایات کو پرکھنے کے اصول بھی انہیں علم حدیث سے ملے۔ اس طرح مسلم مؤرخین کا فن ایک خاص شکل میں پروان چڑھا۔ مؤلف نے خوب کام کیا ہے کہ ان فاضل مؤرخین کے حالات جمع کیے ہیں۔ ان مؤرخین کے کام کے متعلق علماء متاخرین کی آراء بھی اجمالاً درج کر دی گئی ہیں۔

---

(بقیہ رسائل ومسائل)

گھریلو ترکے، عمارت، دوکان، مالِ تجارت۔ غرض یہ کہ ہر قسم کی املاک میں اختیار کی جا سکتی ہے بہت سی فیکٹریاں اور لمیٹڈ کمپنیاں ایسی ہوتی ہیں کہ جن میں شخصی ملکیت اور وراثت وغیرہ کے سارے اصول مدنظر رکھے جاتے ہیں، مگر وہ چیزیں اپنی ایک خاص شکل میں نسلاً بعد نسلٍ موجود رہتی ہیں۔ کواپریٹو فارمنگ اور تعاون باہمی کے اصول پر بھی متعدد مالکان اپنی املاک سے اجتماعی انتفاع کر سکتے ہیں۔

وراثت کا مطلب لازمی تقسیم نہیں ہے۔ وراثت کا مطلب فقط یہ ہے کہ ہر وارث کا حق وراثت محفوظ اور مسلّم ہے۔ بہت سے مالکان یا وارثان چاہیں تو جدید آلاتِ زراعت کو استعمال کرتے ہوئے بڑے بڑے رقبوں کو یکجا انتظام میں رکھ سکتے ہیں، اور ان سے ہر طرح کی پیداوار اور ثمرات حاصل کر سکتے ہیں۔

---

© rasailojaraid.com